Maulana Azad National Urdu University

B.A IV Semester Examination - June 2021

BAHS401CCT- History of India (1526 - 1750)

تاریخِ ہند (1526-1750)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10 = 30 Marks)**

حصہ اول

(1) ابراہیم لودھی کے خلاف بابر کی فتح کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔

(2) شیر شاہ کے ''رع نظام'' (مالگذاری سسٹم) کی وضاحت کریں۔

(3) اکبر نے صحیح معنوں میں مغل سلطنت کی تشکیل کی۔ تشریح کریں۔

(4) اورنگ زیب اور اس کے بھائیوں کے درمیان ہوئی تخت نشینی کی جنگ پر مختصراً روشنی ڈالیں۔

(5) مغل سلطنت کے زوال کے حوالے سے مؤرخ عرفان حبیب کے نظریئے کا جائزہ لیجیے۔

(6) شیواجی پر ایک نوٹ لکھیں۔

(7) علاقائی ریاست کے طور پر بنگال ریاست کے قیام پر ایک مختصر مضمون لکھیں۔

(8) مغل مالگذاری سسٹم میں اکبر نے کیا اصلاحات کیں۔ بیان کریں۔

(9) مغل جاگیرداری نظام پر مختصر مضمون تحریر کریں۔

(10) مغل سلطنت کے مرکزی نظم ونسق کا ذکر کریں۔

حصہ سوم

(11) مغل دور میں بیرونی تجارت کے مختلف پہلوؤں پر بحث کریں۔

(12) اکبر کے مذہبی نظریات کا جائزہ لیں۔

(13) کیا اورنگ زیب ہندو مخالف تھا۔ اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی پر روشنی ڈالیں۔

(14) مغل طبقہ امراء (Nobility) پر تفصیلی مضمون لکھیں۔

(15) منصب داری نظام کی اہم خصوصیات کا جائزہ لیں۔

☆☆☆